# Solution of Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-A (003) M.M.:80

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**جواب نمبر1:-** 1x5=5

(I) کس طرح کے افراد کو اچھا شہری سمجھا جاتا ہے؟

A. جو ووٹ نہیں دیتے ہیں

B. جو ووٹ دیتے ہیں ✓

C. جو دولت جمع کرتے ہیں

D. جو امیروں کی تعریف کرتے ہیں

(II) جمہوریت میں کون سا لفظ سب سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے؟

A. صوبائی

B. شہری ✓

C. آزادی

D. غلامی

(III) ایک اچھا شہری وہ ہوتا ہے جو حقوق اور فرائض دونوں کے بارے میں شعور رکھتا ہو۔

(IV) فرانسیسی انقلاب 1789 میں ہوا تھا۔

(V) شہری وہ شخص ہوتا ہے جو حقوق سے لطف اندوز ہوتا ہے اور ریاست میں اپنے فرائض سرانجام دیتا ہے۔

**جواب نمبر2:-** 1x5=5

(I) ملّا نصرالدین کا کیا کام تھا؟

A. احمق بننا ✓

B. احمق بنانا

C. وکالت

D. تجارت

(II) ملّانصرالدین کس طرح کی باتیں کرتا تھا؟

A. کڑوی

B. میٹھی

C. نمکین ✓

D. اوچھی

(III) ملّانصرالدین کھانے پینے کا شوقین تھا۔

(IV) ملّانصرالدین سے لطیفے منسوب ہیں۔

(V) شاعر نے ملّانصرالدین کو خوشیوں کی مشین کہا ہے کیوں کہ وہ ہر وقت سبھی سے دلچسپ اور پُر لطف باتیں کرتا تھا۔

**جواب نمبر3:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) جملے میں مختصر وقفے کے لیے کون سا نشان استعمال کرتے ہیں؟

A. ( ۔ )

B. ( ، ) ✓

C. ( ! )

D. ( : )

(II) کسی کی بات کو اسی کے الفاظ میں نقل کرتے ہوئے جو علامت لگائی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

A. ختمہ

B. سکتہ

C. واوین ✓

D. رابطہ

(III) شعر کے دو حصّے ہوتے ہیں۔ ہر حصّہ کیا کہلاتا ہے؟

A. قافیہ

B. ردیف

C. مصرع ✓

D. مطلع

(IV) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

A. حسنِ مطلع

B. مقطع

C. مصرع

D. مطلع ✓

(V) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

A. مقطع ✓

B. مطلع

C. قافیہ

D. ردیف

**جواب نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) 'احمد فرشتہ ہے' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

A. تشبیہ کی

B. استعارہ کی ✓

C. صنعتِ تضاد کی

D. تلمیح کی

(II) 'شکیلہ چاند کی طرح ہے' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

A. تشبیہ کی ✓

B. استعارہ کی

C. صنعتِ تضاد کی

D. تلمیح کی

(III) دل کا اجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے
درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. تشبیہ
B. استعارہ
C. حسنِ تعلیل
D. صنعت تضاد ✓

(IV) آوارۂ غربت کو بھی سُنا
کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن
درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. تشبیہ
B. تلمیح ✓
C. حسنِ تعلیل
D. صنعت تضاد

(V) بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

A. تشبیہ
B. کنایہ ✓
C. تلمیح
D. صنعتِ تضاد

**جواب نمبر5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) وہ لفظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے اسے۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں؟

A. صفت
B. فاعل ✓
C. مفعول
D. فعل

(II) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو اسے ۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل معروف ✓

B. فعل مجہول

C. صفت

D. اسم معرفہ

(III) 'کمبل تقسیم کیے گئے۔' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ معروف

B. فعلِ مجہول ✓

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل

(IV) 'کل ہم پکنک جائیں گے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ حال

B. فعلِ ماضی

C. فعلِ مستقبل ✓

D. فعلِ مرکب

(V) 'طلبا کرکٹ کھیل رہے ہیں' اس جملے میں خط کشیدہ الفاظ ہیں؟

A. مفعول

B. فعل ✓

C. اسم

D. صفت

**جواب نمبر6:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) صحیح محاورہ کون سا ہے؟

A. خون گرنا

B. خون کھولنا ✓

C. خون لال ہونا

D. خون بہنا

(II) 'نام روشن کرنا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A. دھوکا دینا

B. مشہور ہونا ✓

C. بے عزت ہونا

D. گمنام ہو جانا

(III) بدا چھا بد نام۔۔۔۔۔۔۔(کہاوت مکمل کیجیے)

A. خراب

B. بُرا ✓

C. صحیح

D. اچھا

(IV) 'مخمصے میں پڑنا' محاورے کا مطلب ہے۔

A. بھاگ جانا

B. پانی میں کودنا

C. جھگڑے میں پڑنا ✓

D. چھت سے گر پڑنا

(V) صحیح کہاوت کون سا ہے؟

A. لاکھ کا گھر خاک ہو گیا ✓

B. لاکھ کا گھر سونا ہو گیا

C. ہزار کا گھر خاک ہو گیا

D. ہزار کا گھر سونا ہو گیا

**جواب نمبر7:۔نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔** 1x4=4

(I)'طرب' کا کیا مطلب ہے؟

A. غم

B. دولت

C. نمی

D. خوشی ✓

(II) 'قوانین' کا واحد ہے۔

A. قنون

B. قانوناً

C. قانون ✓

D. قانونی

(III) 'بھولا' کس کا افسانہ ہے۔

A. سعادت حسن منٹو

B. حیات اللہ انصاری

C. راجندر سنگھ بیدی ✓

D. پریم چند

(IV) 'سورج' لفظ کا مترادف ہے۔

A. قمر

B. آفتاب ✓

C. مہتاب

D. ہلال

**جواب نمبر8:-** 1x5=5

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. بھولا

B. نیا قانون

C. ماحول بچائیے ✓

D. عورتوں کے حقوق

(II) لوگوں کو سانس کی تکلیف کیوں ہو رہی ہے؟

A. نہ کھیلنے کی وجہ سے

B. کھیلنے کی وجہ سے

C. بھوک کی وجہ سے

D. خراب ماحول کی وجہ سے ✓

(III) سائنسداں ماحولیاتی مسئلہ پر بحث کرتے رہتے ہیں۔

(IV) ماحول خراب ہونے کی وجہ سے کنوؤں کا پانی کیسا ہو گیا ہے؟

A. کالا

B. زہریلا ✓

C. ہرا

D. سفید

(V) ایک عام آدمی ماحولیاتی مسئلہ کو کیسا مسئلہ مانتا ہے؟

A. جغرافیائی مسئلہ

B. غیروں کا مسئلہ

C. اپنا مسئلہ

D. سائنسی مسئلہ ✓

**یا**

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. سر سید کا بچپن

B. بھولا

C. نیا قانون

D. مخلوط زبان ✓

(II) اردو کیسی زبان ہے؟

A. مخلوط زبان ✓

B. غیر مخلوط زبان

C. خالص

D. غیر ملکی

(III) غیر زبان کے لفظ جب کسی زبان میں داخل ہوتے ہیں تو اس زبان پر کیا فرق پڑتا ہے؟

A. زبان کمزور ہو جاتی ہے

B. زبان مخلوط ہو جاتی ہے ✓

C. زبان میں خرابیاں آجاتی ہیں

D. زبان ختم ہو جاتی ہے

(IV) مصنف نے کس زبان کو ٹھیٹ ہندوستانی زبان کہا ہے؟

A. فارسی کو

B. ہندی کو

C. سنسکرت کو

D. اردو کو ✓

(V) 'بدلنا' کس لفظ سے بنا ہے؟

A. بدلہ

B. بادل

C. بیدل

D. بدل ✓

**جواب نمبر9:-** 1x5=5

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. جوشؔ ملیح آبادی

B. اکبرؔ الہ آبادی

C. علامہ اقبالؔ

D. اخترؔ شیرانی ✓

(II) ناقوس کی آواز کہاں سے آتی ہے؟

A. اسکول سے

B. مندر سے ✓

C. میدان سے

D. بازار سے

(III) شاعر نے مسجد کو مقدّس کہا ہے۔

(IV) ساون کے رسیلے گیت تالاب میں امرس گھولتے ہیں۔

(V) پپیہے آم کے اونچے پیڑوں پر بولتے ہیں۔

**یا**

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیس

B. تلوک چند محروم ✓

C. فراق گورکھپوری

D. اکبر آلہ آبادی

(II) صلح جوئی کا پیام کون دیتا ہے۔

A. افسر

B. وکیل

C. مذہب ✓

D. ڈاکٹر

(III) شاعر نے مذہب کے نام پر لڑائی کرنے سے منع کیا ہے۔

(IV) فطرت کی دی ہوئی مسرّت کو کھو کر اوروں کو ملول نہیں کرنا چاہیے۔

(V) مذہب کی زبان پر راست گوئی کا پیام ہے۔

## (40) Part: B Writing Skill

**جواب نمبر10:۔** مضمون لکھتے ہوئے اس عنوان سے متعلق تمام اہم نکات کو ضرور شامل کریں اور زبان و بیان، درست املا اور مواد کی وغیرہ کا ترتیب کا خاص خیال رکھیں۔ 6

**جواب نمبر11:۔** 5

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی، 110025

**موضوع:** کمرۂ جماعت تبدیل کرنے کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میں آپ کے اسکول میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ میرے کمرۂ جماعت میں روشنی کم آتی ہے۔ جب کہ میرے کمرۂ جماعت کے پاس ایک کمرہ خالی ہے جس میں بہت اچھی روشنی آتی ہے۔ میری یہ خواہش ہے کہ میری جماعت کو اس خالی کمرے میں بیٹھنے کی اجازت دے دیں تاکہ ہم سب کی تعلیمی سرگرمیوں میں کسی طرح کا کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ اس کے لیے میں سدا آپ کا مشکور و ممنون رہوں گا ۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

ارشد

جماعت: دہم

رول نمبر22

**یا**

H/255

دریاگنج، دہلی110002

یکم اپریل2020

میری پیاری والدہ

السلام علیکم

کچھ روز قبل آپ کا خط ملا۔ اسے پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی۔ میں یہاں خیریت سے ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ سبھی خیریت سے ہوں گے۔ کورونا کے خطرے کو دیکھتے ہوئے حکومت نے بہت دنوں سے اسکولوں کو بند کر رکھا تھا اس لیے تمام تعلیمی سرگرمیاں آن لائن چل رہی تھیں۔ لیکن گزشتہ ہفتہ حکومت نے بورڈ امتحانات کو مد نظر رکھتے ہوئے اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بچوں کو حکومت کے ذریعے جاری کردہ ہدایات پر پوری طرح عمل کرتے ہوئے اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں میں حصّہ لینا ہے۔ اب بھی کورونا کے خوف سے کچھ بچے اسکول نہیں آرہے ہیں۔ ایک کمرے میں صرف بیس بچوں کو بیٹھنے کی اجازت ہے۔ بورڈ امتحانات کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمارے اساتذہ ہمیں خوب محنت سے پڑھا رہے ہیں اور ہماری حوصلہ افزائی بھی کر رہے ہیں۔ امتحانات بہت قریب ہیں اس لیے کچھ زیادہ ہی محنت کرنی پڑ رہی ہے۔ ہمارے اساتذہ پڑھائی میں ہم سب کی مدد کے لیے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ آپ میرے لیے بالکل بھی فکر مند نہ ہوں۔ میری جانب سے گھر کے سبھی بڑوں کو سلام اور چھوٹوں کو پیار۔

آپ کا بیٹا

محمد ساجد

**جواب نمبر12:۔** 5

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی،110025

**موضوع:** لائبریری کو مزید بہتر بنانے کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میں آپ کے اسکول میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ اسکول کی لائبریری میں بہت دنوں سے نئی کتابیں نہیں آئی ہیں جس کی وجہ سے نئی کتابوں کو پڑھنے کا موقع نہیں مل رہا ہے۔ لہٰذا آپ سے درخوست ہے کہ لائبریری میں نئی کتابوں کا انتظام کر وا دیں تاکہ نئی کتابوں کو پڑھ کر جدید معلومات سے واقف ہو سکیں۔ اس کے لیے میں سدا آپ کا مشکور و ممنون رہوں گا ۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

محمد مشفق

جماعت: دہم

رول نمبر25

**یا**

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی،110025

**موضوع:** کھیل کے میدان کے انتظام کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ میں آپ کے اسکول میں دسویں جماعت کا طالب علم ہوں۔ ہمارے اسکول میں تعلیم کا ماحول بہت اچھا ہے۔ ہمارے سبھی ساتھی خوب محنت سے پڑھائی کرتے ہیں لیکن پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی ضروری ہے اس کے لیے ایک بہتر کھیل کے میدان کی ضرورت ہے۔ جب اچھا میدان ہوگا تو پڑھائی کے ساتھ ساتھ وقت نکال کر ہم لوگ میدان میں جا کر

کھیل میں بھی حصہ لے سکیں گے۔اس لیے آپ سے گزارش ہے کہ کھیل کے لیے ایک اچھے میدان کا انتظام کروادیں تاکہ کھیل کی سرگرمیاں بھی تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ شروع ہوسکیں۔اس کے لیے میں آپ کا سدا مشکور و ممنون رہوں گا۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

محمد اکرم

جماعت: دہم

رول نمبر 25

جواب نمبر 13: نظم کا مرکزی خیال لکھتے ہوئے زبان و بیان، درست املا اور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔ 5

جواب نمبر 14: افسانہ کا خلاصہ تحریر کرتے ہوئے زبان و بیان، درستا ملا اور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔ 5

**جواب نمبر 15:۔** **2x4=8**

I. انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد اس لیے پڑتا ہے کیوں کہ سچ کے مقابلے میں جھوٹ دلچسپ اور آسان ہوتا ہے، ثواب کے مقابلے گناہ میں زیادہ لذت آتی ہے اور اچھے کاموں کے مقابلے بُرے کام بظاہر زیادہ دلکش اور آسان لگتے ہیں۔

II. اس مقطع میں چمن سے شاعر کی مراد ہے دنیا۔

III. نیا قانون کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان اس لیے خوش تھا کیوں کہ وہ سمجھتا تھا کہ جب نیا قانون آجائے گا تو اسے مکمل آزادی مل جائے گی۔

IV. حسن نے خدا سے سوال کیا کہ اے خدا تو نے مجھے لازوال کیوں نہیں بنایا؟

V. دوپہر میں کہانی سننے کے باوجود بھولا کے چہرے پر خوشی نہیں نظر آرہی تھی کیوں کہ اسے یہ فکر ستا رہی تھی کہ کہیں اس کے دن میں کہانی سننے سے اس کے ماموں راستہ نہ بھول جائیں۔

VI. سرسید کے نانا کے یہاں گھر کے سبھی افراد ایک ساتھ ایک ہی دستر خوان پر بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے۔ تمام بچے بہت ادب اور صفائی سے کھانا کھاتے تھے۔سب کو اس بات کا خیال رہتا کہ کہیں کوئی چیز گر نہ جائے، ہاتھ کھانے سے زیادہ نہ بھر جائے اور نوالا چبانے کی آواز منہ سے بالکل نہ آئے۔

VII. مہاتما گاندھی نے اپنی غلطیوں کے کفارے کے لیے اپنے والد کو ایک اعتراف نامہ لکھ کر دیا اور اسی کے ذریعہ یہ وعدہ بھی کیا کہ آئندہ ایسی غلطی میں ہر گز نہیں کروں گا۔

VIII. رام سہائے اپنی جان اور مال سے بہت پیار کرتا ہے اور انگریزوں کی جی حضوری کرنا پسند کرتا ہے جب کہ اس کے برعکس اس کی بیوی بھاگ وتی وطن پرست ہے اور ملک کی آزادی کی خواہش مند ہے اسی لیے وہ جہادی عورتوں 'کشن کنور' اور 'سلمیٰ' کو اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر اپنے گھر میں پناہ دیتی ہے۔

**جواب نمبر16:۔** **3x2=6**

I. تانگے والا کنٹونمنٹ تک جانے کے لیے گورے سے آٹھ آنے مانگ رہا تھا جب کہ وہ صرف چھ آنے ہی دینا چاہتا تھا، اس لیے جب تانگے والے نے جانے سے انکار کیا تو گورے نے اسے خوب مارا۔

II. مصنف کو پہلے فقیر کی بے بسی، فاقہ کشی اور پھٹے ہوئے کپڑوں کو دیکھ کر مصنف کو اس پر رحم آیا۔

III. آئی۔ سی۔ ایس۔ بننے کے بعد ایک نئے ماحول میں رہنے اور مشہور شخصیات کے ساتھ مسلسل میل جول سے وحید میں سنجیدگی، متانت اور خودداری پیدا ہوگئی۔

IV. 'صنعتی انقلاب کی وجہ سے ہی بے تحاشہ جنگلات کاٹے گئے، معدنیات نکالے گئے اور فیکٹریاں لگائی گئیں جس کی وجہ سے ماحول میں بے شمار خرابیاں پیدا ہوگئیں یہاں تک کہ زمینیں بنجر اور ہوا پانی آلودہ ہوگئے۔